Press Release
پریس ریلیز
मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمنٹ ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی یونیورسٹی
گچی باؤلی، حیدرآباد 032 500۔تلنگانہ
فون:۔040-23006606، 23006612-15 (104)، فیکس:23006606، ای میل:۔manuupro1@yahoo.com، ویب سائٹ:www.manuu.ac.in

09/جولائی2018

# اُردو یونیورسٹی، سری نگر کالج میں داخلوں کی تاریخ میں توسیع

حیدرآباد، 9/جولائی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی، آرٹس اینڈ سائنس کالج فارویمن، سری نگر میں میرٹ کی اساس پر داخلوں کے لیے آن لائن فارم جمع کرنے کی تاریخ میں 31/جولائی تک توسیع کی گئی ہے۔ میرٹ فہرست 4/اگست کو جاری کی جائے گی اور کونسلنگ 6/اگست کو منعقد ہوگی۔

پروفیسر پی فضل الرحمٰن، ڈائرکٹر نظامت داخلہ کے بموجب یہ فیصلہ وادی میں ڈگری امتحانات کے پیش نظر یونیورسٹی کو موصول ہوئی نمائندگیوں کا جائزہ لینے کے بعد کیا گیا ہے۔ اس سے ایسے طلبہ بھی استفادہ کرسکتے ہیں جن کے نتائج ابھی جاری نہیں ہوئے۔ انہیں مشروط داخلہ دیا جائے گا۔

سری نگر کالج میں معاشیات، اسلامک اسٹڈیز، اردو اور انگریزی مضامین میں ایم اے کے لیے یہ توسیع کی گئی ہے۔

مزید تفصیل اور ای پراسپکٹس یونیورسٹی ویب سائٹ www.manuu.ac.in پر دستیاب ہے۔ معلومات کے لیے ای میل admissionsregular@manuu.edu.in پر بھی ربط کیا جاسکتا ہے۔ موبائل نمبر 6301910770 یا 0194-2303149 سے بھی تفصیلات حاصل کی جاسکتی ہیں۔

**عابد عبدالواسع**

پبلک ریلیشنز آفیسر